سوال

(286)کوشش کرکے ماں کوقرآن کی سورتیں سکھادو

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

والد کی وفات کے بعد ہمارے ساتھ ہی گھر میں مقیم ہیں اور وہ ناخواندہ ہیں۔ جب ہم انہیں بعض اذکار یا قرآن مجید کی چھوٹی چھوٹی سورتیں سکھانا چاہتے ہیں تو یہ سیکھ نہیں سکتیں لیکن اس کے باوجود یہ فرض و نفل نمازوں اور روزوں کی خوب پابندی کرتی ہیں۔ آپ نصیحت فرمائیں کہ ہم ان کے ساتھ کس طرح معاملہ کریں تاکہ ان کے ساتھ نیکی کرنے اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے میں کامیاب ہوجائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ہم نصیحت کرتے ہیں کہ کوشش کرکے اپنی والدہ کو قرآن مجید کی چھوٹی چھوٹی سورتیں اور نمازوں کے بعد کے مختلف شرعی اذکار سکھادو اور کثھ دیگر دعائیں بھی سکھادو جوان کے لیے دین ودنیا کے اعتبار سے منفعت بخش ثابت ہں۔ ان کےلیے سورت فاتحہ کا پڑھنا بھی کافی ہے لہذا خوب کوشش کرکے انہیں سورت فاتحہ ضرور سکھادو تاکہ وہ اس کو اچھی طرح خفظ کرلیں اور اگر ان کےلیے یہ آسانی سے ممکن ہو کہ نماز فجر میں اور ظہر وعصر اور مغرب وعشاء کی پہلی اور دوسری رکعت میں سورت فاتحہ کے ساتھ ساتھ قرآن شریف کی دیگر چھوٹی چھوٹی سورتیں یا کچھ آیتیں پڑھ سکیں تو یہ افضل ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر نیکی کے کام میں آپ کی مدد فرمائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص225

محدث فتویٰ